'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours 2nd Semester Examination, 2022

CC3-URDU

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

1. درج ذیل سوالات میں کسی چار کے جواب دیجئے: 3×4 = 12

(i) داستانِ" باغ وبہار" کب، کہاں اور کس نے لکھی؟

(ii) سر سید احمد خاں کی تحریر کردہ کسی دو ۲ مقالوں کا نام بتایئے.

(iii) " سب رس" کے مصنف کون ہیں اور یہ کب منظر عام پر آئی؟

(iv) فورٹ ولیم کالج میں ترجمہ یا تحریر کی گئی کسی تین نثری کتاب کا نام بتایئے.

(v) مرزا غالب کے دو ۲ مجموعہ مکاتیب کا نام بتایئے.

(vi) شمالی ہند کے کسی دو ۲ مشہور و معروف نثر نگاروں کا نام بتایئے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی چار کا جواب دیجئے: 6×4 = 24

(i) سر سید کو بحیثیت مقالہ نگار پیش کیجئے.

(ii) غیر افسانوی نثر کی تعریف اور اسکے اقسام واضح کیجئے.

(iii) رجب علی بیگ سرور کی نثری خدمات کا جائزہ لیجئے.

(iv) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

" جبکہ ہم غور کرتے ہیں کہ تمام دنیا کی قوموں میں جو رسوم وعادات مروج ہیں انہوں نے کس طرح ان
قوموں میں رواج پایا ہے تو باوجود مختلف ہونے ان رسوم وعادات کے ان کا مبدا اور نشا متحد معلوم ہوتا ہے۔"

(v) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

" عجب عجب اس کے کام' انسان کیا کر سکے فام۔ پیدا کیا زمین پیدا کیا آسمان' سب داناں یاں سب دانشمنداں حیران۔ کیا ولی کیا نبی سجدہ کئے اس ٹھار سبھی۔ قادر قدرت کا دھنی غنی' متغنّی۔"

(vi) درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

" اس کے وقت میں رعیت آباد' خزانہ معمور' لشکر مرفّہ' غریب غربا آسودہ' ایسے چین سے گزران کرتے اور خوشی سے رہتے کہ ہر کے گھر میں دن عید' اور رات شب برات تھی۔"

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کا جواب دیجئے: 12×2 = 24

(i) شمالی ہند میں اردو نثر کا آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجئے.

(ii) میر امن دہلوی کو بحیثیت نثر نگار پیش کیجئے.

(iii) خطوط غالب کی ادبی وتاریخی اہمیت مفصل بیان کیجئے.

(iv) دلی کالج کی ادبی خدمات سے اپنی واقفیت کا بر ملا اظہار کیجئے.

———×———